بسم اللہ الرحمن الرحیم

انشاءاللہ، غداروں کے دن اب گِنے جاچکے ہیں

آج 15 مارچ 2012ء کو مغرب کے بعد حکومتی غنڈوں نے حزب التحریر کے اسلام کی خاطر منعقد ایک درس پر چھاپہ مارا اور 15 سے زیادہ حاضرین کو گرفتار کر لیا۔ ان غدار حکمرانوں نے یہ گھناؤنا عمل اس وقت سرانجام دیا جب یہ حکمران نیٹو کی سپلائی لائن کو زمینی راستے سے بحال کرنے جا رہے ہیں اور فضائی راستے سے یہ سپلائی لائن پہلے ہی بحال کی جا چکی ہے۔ اور یہ اقدام ان حکمرانوں نے اس وقت اٹھایا ہے، جب حزب التحریر نے ایک شدید سیاسی مہم چلائی جس میں حزب نے پاکستانی فوج میں سے امریکہ کے خلاف آواز اٹھانے والے ہر مخلص افسر کی چھانٹی کرنے کے گھٹیا امریکی منصوبے کو بے نقاب کیا۔ حزب التحریر نے اس مہم میں ہزاروں کی تعداد میں پمفلٹ تقسیم کیے جن کا عنوان تھا: ''غدار حکمران امریکی راج کو بچانے کیلئے فوج میں سے مخلص افسران کی چھانٹی کر رہے ہیں''۔ اس مہم کے دوران پورے ملک میں درجنوں بیانات اور احتجاجی مظاہرے کیے گئے، جن میں ہزاروں لوگوں کو افواجِ پاکستان کے خلاف جاری امریکی جنگ کے بارے میں آگاہ کیا گیا کہ جس جنگ کا مقصد خلافت کے قیام کو روکنا ہے۔ اللہ سبحانہ وتعالیٰ کی مدد سے حزب کی اس مہم نے عسکری اور سیاسی قیادت میں موجود غداروں کی کمر توڑ کر رکھ دی اور ان غداروں کو مسلمانوں کے سامنے کسی بھی عزت و وقار سے محروم کر دیا۔ اس سیاسی مہم نے مسلح افواج میں موجود مخلص افسران کو اس امر پر ابھارا کہ وہ ان غداروں کو گلے سے پکڑ لیں اور امت کے ہاتھوں انہیں وہ سزا دلوائیں جس کے وہ حق دار ہیں۔

امت، مسلح افواج اور ملک سے غداری کے خلاف اپنی صفائی میں کوئی بہانہ نہ ملنے پر ان غداروں نے اسلام کے اُن داعیوں پر ظلم ڈھانا شروع کر دیا ہے جو کہتے ہیں کہ ہمارا رب صرف اللہ ہے۔ ان غداروں کا حالیہ اقدام کوئی پہلا ظالمانہ قدم نہیں بلکہ پچھلے کئی سالوں سے پاکستان کے غدار حکمران حزب التحریر کے شباب کو اغوا کر رہے ہیں، انہیں تشدد کا نشانہ بناتے رہے ہیں اور انہیں دھمکا رہے ہیں۔ اپنے ان خبیث اقدامات میں پاکستان کے حکمرانوں نے ہر حد کو عبور کیا ہے، انہوں نے حزب کی خواتین کو ان کے شیر خوار بچوں سمیت گرفتار کیا، حزب کے شباب کے والدوں کو اغوا کیا، کمپنی انتظامیہ پر دباؤ ڈال کر حزب کے شباب کو نوکریوں سے بے دخل کیا، عدالت میں حزب کے شباب کی ضمانت دینے والوں کو دھمکایا اور حزب کے شباب کو لوہے کی سلاخوں اور تاروں سے اس حد تک تشدد کا نشانہ بنایا کہ ان کی کمر کے مہرے ناکارہ ہو گئے یا انکے بازو کندھوں سے نکل گئے۔ اپنی دیگر تمام غداریوں کی مانند پاکستان کے حکمران یہ اقدامات بھی اپنے آقا امریکہ کے کہنے پر اٹھا رہے ہیں۔ وہ امریکہ جو اوپر سے لے کر نیچے تک انہیں آڈر جاری کرتا ہے، ہر پالیسی ڈکٹیٹ کراتا ہے اور ہر ڈالر اپنی مرضی سے خرچ کرواتا ہے۔

اے مسلمانانِ پاکستان! غدار حکمران، خواہ وہ فوجی قیادت میں موجود ہوں یا پھر سیاسی قیادت میں، ہم میں سے نہیں اور ہم ان میں سے نہیں ہیں۔ یہ غدار پوری امت کے سامنے بے نقاب ہو چکے ہیں اور اب ان کے دن گنے جا چکے ہیں، انشاءاللہ جلد ہی انہیں ہٹایا جائے گا۔ جس طرح ایک شخص کہ جس کا خاتمہ نزدیک ہو بے چینی اور اضطراب میں ہاتھ پاؤں مارتا ہے، یہ غدار حکمران بھی ہر اس شخص کے پیچھے لپکتے ہیں جو ان کے آقا امریکہ کے منصوبوں کو ناکام بنانے کے لیے کوشش کر رہا ہے۔ یہ غدار حکمران اللہ کی اس شدید وارننگ سے غافل ہیں جو رسول اللہ ﷺ نے اس حدیثِ قدسی میں بیان کی ہے: ((قال رسول اللہ ﷺ ان اللہ قال من عادی لی ولیا فقد اذنته بالحرب)) ''رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ اللہ فرماتا ہے کہ جس نے میرے دوست سے دشمنی کی، میں اس کے خلاف جنگ کا اعلان کرتا ہوں'' (بخاری)۔

اے مسلمانانِ پاکستان! ایسے حکومتی اقدامات مومنین کے عزم اور کوششوں میں مزید اضافہ ہی کرتے ہیں اور اللہ کے وعدے اور مدد و نصرت پر ان کا ایمان مزید بڑھ جاتا ہے۔ اللہ کے اذن سے حزب التحریر کے شباب اسی طرح کھڑے رہیں گے جس طرح وہ گذشتہ کئی دہائیوں سے اسلامی دنیا کے جابر حکمرانوں کے سامنے ثابت قدمی سے کھڑے ہیں۔ اور وہ صبر و استقامت کے ساتھ اللہ الحی والقیوم کی بندگی کی طرف بلاتے رہیں گے، اور وہ اپنی اِس کوشش میں اللہ کے سوا کسی سے نہیں ڈریں گے، یہاں تک کہ اللہ اپنا وعدہ پورا کر دے۔ ﴿رَبِّ انْصُرْنِی عَلَى الْقَوْمِ الْمُفْسِدِينَ﴾ ''اے میرے رب، مجھے شریر لوگوں پر فتح عطا فرما'' (العنکبوت: 30)

اے مسلح افواج میں موجود مخلص افسران! حزب التحریر کے شباب اللہ کے ساتھ اپنے کیے ہوئے وعدے کو پورا کر رہے ہیں۔ اب آپ کی باری ہے کہ آپ اپنا وعدہ پورا کریں۔ یہی وہ وقت ہے اے بھائیو کہ آپ خلافت کے قیام کے لیے حزب التحریر کو نصرۃ دیں، جو مومنین کے دلوں کو راحت دے گی اور انہیں ظالموں پر غالب کرے گی اور اُس دن غدار ظالم حسرت زدہ ہو جائیں گے۔

﴿وَ سَيَعْلَمُ الَّذِينَ ظَلَمُوٓا اَیَّ مُنْقَلَبٍ يَّنْقَلِبُوْنَ﴾ ''اور ظالم جلد ہی جان لیں گے کہ وہ کسی کروٹ گرنے والے ہیں'' (الشعراء: 227)

15 مارچ 2012ء

22 ربیع الثانی 1433ھ

حزب التحریر

ولایہ پاکستان